12610 ـ روزہ دار کا سنگی لگوانا

سوال

کیا رمضان المبارک میں دن کے وقت سنگی لگوانے اورلگانے والے کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے ؟
اوراس کا حکم کیا ہوگا آیا وہ اس کی قضاء کریں گے یا ان پر کیا ہے ، مجھے امید ہے آپ مستفید فرمائیں گے ؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

سنگی لگانے اورلگوانے والے دونوں کا روزہ ٹوٹ جاتا ہے ، اس کے ساتھ انہیں اس دن کھانے پینے سے رکنا ہوگا اوربعد میں اس دن کی قضاء بھی کرینگے کیونکہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کا فرمان ہے :

(سنگی لگانے اورلگوانے والے کا روزہ ٹوٹ گیا) سنن ابوداود حدیث نمبر (2367) سنن ابن ماجہ حدیث نمبر (1679) علامہ البانی رحمہ اللہ تعالی نے صحیح ابوداود (2074) میں اس حدیث کوصحیح قرار دیا ہے ۔

اللہ تعالی ہی توفیق بخشنے والا ہے ، اللہ تعالی ہمارے نبی محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کی آل اورصحابہ کرام پر اپنی رحمتوں کا نزول فرمائے ۔ .